اردو / Urdu

Parliament of South Australia
Community Education

# آپ کی سٹیٹ پارلیمنٹ کا تعارف

## حکومت کی سطحیں

آسٹریلیا میں حکومت کی تین سطحیں ہیں – مقامی، سٹیٹ اور فیڈرل (وفاقی)۔

**فیڈرل**: فیڈرل یعنی وفاق حکومت ان معاملات کے لیے ذمہ دار ہے جن کا ذکر آسٹریلیا کے آئین میں ہے جیسے ٹیکس، بین الاقوامی تعلقات (امور خارجہ)، دفاع، مائیگریشن اور دوسرے معاملات۔ فیڈرل سطح پر بننے والے قوانین پورے آسٹریلیا کے لیے اطلاق پاتے ہیں۔

**سٹیٹ**: سٹیٹس ان معاملات کے لیے ذمہ دار ہیں جن کا ذکر آسٹریلین آئین میں نہیں ہے – یعنی وہ معاملات جو فیڈریشن بننے کے وقت سٹیٹس پر چھوڑ دیے گئے تھے۔ سٹیٹس بھی اہم معاملات سنبھالتی ہیں جیسے تعلیم، صحت، ہنگامی خدمات، ماحول اور دوسرے معاملات۔

**مقامی**: پورے آسٹریلیا میں سینکڑوں لوکل کاؤنسلز ہیں۔ کاؤنسلز لوگوں کے مقامی علاقے کے معاملات سنبھالتی ہیں جیسے کمیونٹی سروسز، پلے گراؤنڈز، کوڑا اٹھانا اور بلڈنگ پرمٹس۔

پارلیمنٹ آف ساؤتھ آسٹریلیا سٹیٹ کی سطح پر ہے۔




## اختیارات کی تقسیم

آسٹریلیا میں 1) قوانین بنانے کا اختیار، 2) قوانین پر عملدرآمد کا اختیار، اور 3) قوانین کے حوالے سے فیصلے کرنے کا اختیار حکومت کی تین الگ شاخوں کے درمیان منقسم ہے تاکہ تمام اختیار صرف ایک ادارے کے ہاتھ میں نہ ہو۔

**پارلیمنٹ/مقنّنہ**: پارلیمنٹ کی حیثیت بنیادی قانون ساز کی ہے۔ پارلیمنٹ میں کام کرنے والے منتخب نمائندے عوام کے لیے قوانین بناتے ہیں۔

**انتظامیہ**: انتظامیہ یا ایگزیکٹیو سے مراد وزراء یعنی منسٹرز (جنہیں کبھی کبھار کابینہ بھی کہا جاتا ہے) اور وہ پبلک سروس ہے جو مختلف حکومتی ڈیپارٹمنٹس کے وزراء کے تحت کام کرتی ہے۔ انتظامیہ قوانین پر عملدرآمد کرتی ہے اور انہیں استعمال میں لاتی ہے۔ مثال کے طور پر، پبلک سکول کا استاد ان قوانین کو استعمال میں لا رہا ہوتا ہے جو پبلک ایجوکیشن سروس کے متعلق بنائے گئے ہیں۔ انتظامیہ کے کام کی ایک اور مثال پولیس ہے جو پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے فوجداری قوانین کا نفاذ کرتی ہے۔

**عدلیہ**: عدلیہ سے مراد عدالتی نظام ہے۔ قوانین کے حوالے سے فیصلے کرنے کی بنیادی ذمہ داری عدالتوں پر ہے مثال کے طور پر یہ فیصلہ کہ آیا قانون کا درست اطلاق کیا گیا ہے اور آیا عدالت نے یہ فیصلہ اپنے اختیارات میں رہتے ہوئے کیا تھا۔

پارلیمنٹ آف ساؤتھ آسٹریلیا حکومت کی پارلیمانی/مقنّنہ شاخ ہے۔



## ساؤتھ آسٹریلین پارلیمنٹ

1856 میں ساؤتھ آسٹریلیا میں آئینی ایکٹ کا اعلان کیا گیا جس کے تحت دو ایوانی (دو ہاؤسز پر مشتمل) پارلیمنٹ قائم ہوئی۔ ان دو ایوانوں کو ہاؤس آف اسمبلی اور لیجسلیٹیو کاؤنسل کہا جاتا تھا۔ دنیا کے اوّلین خفیہ بیلیٹ کے تحت الیکشنز کے بعد سٹیٹ پارلیمنٹ کا پہلا اجلاس بدھ 22 اپریل 1857 کو ہوا۔

**ہاؤس آف اسمبلی:** ہاؤس آف اسمبلی میں 47 ارکان (ممبرز آف پارلیمنٹ یا MPs) ہیں۔ ان 47 MPs کو ساؤتھ آسٹریلیا کے عوام نے 4 سال کے لیے اس ہاؤس میں منتخب کیا ہے۔ ایک MP تقریباً 25,000 ووٹروں کے الیکٹوریٹ (انتخابی حلقے) کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہاؤس آف اسمبلی میں جس سیاسی پارٹی کے MPs کو اکثریت حاصل ہو، وہ ساؤتھ آسٹریلیا کی گورنمنٹ بناتی ہے اور انتظامیہ کو چلانے والے وزراء چن سکتی ہے۔ سپیکر ہاؤس کا نظم و ضبط برقرار رکھتا ہے اور ہاؤس آف اسمبلی کا نشان Mace (عصائے عہدہ) ہے۔

**لیجسلیٹیو کاؤنسل**: لیجسلیٹیو کاؤنسل میں 22 ارکان (ممبرز آف لیجسلیٹیو کاؤنسل یا MLCs) ہوتے ہیں۔ MLCs کو ساؤتھ آسٹریلیا کے عوام 8 سال کی مدت کے لیے منتخب کرتے ہیں اور MLCs پوری سٹیٹ کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تمام 22 MLCs آپ کے لیے کام کرتے ہیں۔ لیجسلیٹیو کاؤنسل کے لیے ووٹوں کی گنتی کا طریقہ مختلف ہے اور اس ہاؤس آف پارلیمنٹ میں چھوٹی پارٹیوں یا آزاد ارکان کی تعداد اکثر زیادہ ہوتی ہے۔ پریزیڈنٹ ہاؤس کا نظم و ضبط برقرار رکھتا ہے اور لیجسلیٹیو کاؤنسل کا نشان بلیک راڈ (کالا عصا) ہے۔

## پارلیمنٹ کے فرائض

پارلیمنٹ کے چار اہم فرائض ہیں:

**نمائندگی**: پارلیمنٹ وہ مقام ہے جہاں ساؤتھ آسٹریلیا کے لوگوں کی نمائندگی ان کے ممبرز آف پارلیمنٹ کرتے ہیں۔ ممبرز آف پارلیمنٹ مسائل کی نشاندہی کے لیے مباحثات اور دلچسپی کے امور پر تقاریر کر سکتے ہیں اور ساؤتھ آسٹریلیا کے عوام کی آواز حکومت اور دوسرے ارکان تک پہنچانے کی موشنز (تجاویز یا تحریکیں) پیش سکتے ہیں۔

**نگرانی**: مختلف گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس کے لیے ذمہ دار وزراء بھی پارلیمنٹ میں کام کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے نمائندے اور مختلف سیاسی پارٹیاں ان کے کام پر نظر رکھ سکتی ہیں اور اس پر سوالات اٹھا سکتی ہیں۔ ممبرز آف پارلیمنٹ وزراء سے سوالات پوچھ سکتے ہیں – سوالات کے وقت میں بھی (پیشگی اطلاع کے بغیر سوالات) اور "نوٹس کے بعد" سوالات کے نظام کے ذریعے بھی۔

**مالی امور:** پارلیمنٹ وہ مقام ہے جہاں سرکاری اخراجات منظور کیے جاتے ہیں۔ ہر سال بجٹ پاس کرنا ضروری ہے۔ بجٹ بالعموم ہر مالی سال سے پہلے جون میں متعارف کروایا جاتا ہے۔

**قانون سازی**: پارلیمنٹ وہ مقام ہے جہاں ساؤتھ آسٹریلیا کے قوانین بنائے جاتے ہیں اور قوانین میں ترمیم کی جاتی ہے۔

## عمارت

روایتی طرز کی عمارت میں سنگ مرمر کے ستون اور Corinthian capitals (سجاوٹی ستون) ہیں اور محراب کے پتھروں پر انیسویں صدی کے گورنرز، پریزیڈنٹس اور سپیکرز کی تصاویر کھدی ہوئی ہیں۔ تعمیر میں بنیادی طور پر Kapunda کا سنگ مرمر اور Victor Harbor کا گرینائٹ استعمال ہوا ہے۔ چیمبرز کے رنگ برطانوی روایت کے مطابق ہیں یعنی لیجسلیٹیو کاؤنسل کے لیے سرخ رنگ اور ہاؤس آف اسمبلی کے لیے سبز رنگ۔ ہاؤس آف اسمبلی کا افتتاح 5 جون 1889 کو ہوا۔
1936 میں Sir Langdon Bonython نے لیجسلیٹیو کاؤنسل کی عمارت کی تعمیر کے آغاز کے لیے 100,000 پاؤنڈز کا تحفہ دیا اور اس کا افتتاح 5 جون 1939 کو ہوا۔ دو پریمیئرز یعنی Tom Price (1905-1909) اور Frank Walsh (1965-1967) نے اس عمارت میں معماروں کے طور پر کام کیا۔

## پارلیمنٹ سے تعلق

**پارلیمنٹ کا دورہ:** پارلیمنٹ ہاؤس King William Street اور North Terrace پر واقع ہے۔ دونوں ہاؤسز کی کارروائی عوام کے لیے کھلی ہے اور لوگوں کو پارلیمنٹ دیکھنے کی دعوت ہے۔ جب پارلیمنٹ کی کارروائی نہ ہو رہی ہو تو پیر تا جمعہ صبح 10:00 بجے سے دوپہر 2:00 بجے تک گائیڈ کے ساتھ ٹؤر دستیاب ہے۔ سکول ٹؤر اور گروپ ٹؤر کی بکنگ اپنے لوکل ممبر آف پارلیمنٹ کے ذریعے کی جانی چاہیے۔ اگر آپ خود آکر پارلیمنٹ کو نہیں دیکھ سکتے تو آپ آن لائن لائیو براڈکاسٹ دیکھ سکتے ہیں۔

**Hansard:** Hansard سے مراد پارلیمنٹ کے مباحثات کی آفیشل رپورٹ ہے۔ آپ Hansard میں پارلیمنٹ کی تمام کارروائی پڑھ سکتے ہیں۔ Hansard پارلیمنٹ کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔

**کمیٹیاں:** کمیٹیاں ممبرز کی ایک چھوٹی سی تعداد پر مشتمل ہوتی ہیں تاکہ کمیٹیاں ہاؤسز کی طرف سے تفصیلی کام انجام دیں۔ پارلیمنٹری کمیٹیوں کو ثبوت حاصل کرنے اور اپنے دائرہ کار کے اندر معاملات پر غور اور رپورٹنگ کرنے کے وسیع اختیارات حاصل ہیں۔ عوام سبمشنز (عرضداشتیں) پیش کر کے اور پبلک ہیئرنگز (عوامی سماعتوں) میں پیش ہو کر کمیٹیوں کے ساتھ رابطے میں آ سکتے ہیں۔

**پیٹیشنز:** پیٹیشن سے مراد درخواست برائے اقدام ہے۔ ساؤتھ آسٹریلیا کا کوئی بھی شہری یا شہریوں کا گروپ پارلیمنٹ کے کسی بھی ہاؤس کو کسی معاملے میں اقدام کرنے کے لیے پیٹیشن دے سکتا ہے۔ مثال کے طور پر پیٹیشن میں ہاؤس سے قانون سازی کی درخواست کی جا سکتی ہے یا کسی موجودہ قانون کی منسوخی یا ترمیم کی درخواست کی جا سکتی ہے۔ پارلیمنٹ کو پیٹیشن دینا طویل عرصے سے تمام شہریوں کا بنیادی حق تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس سے کسی بھی فرد یا گروہ کو اپنی شکایات پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ عوام اور پارلیمنٹ کے درمیان براہ راست کمیونیکیشن کے چند طریقوں میں سے ایک ہے۔

**مظاہرے:** پارلیمنٹ ہاؤس کی سیڑھیوں پر ریلی یا مظاہرہ کرنے کی اجازت ہے لیکن یہ اہم ہے کہ منتظمین پہلے سپیکر اور پریزیڈنٹ سے اجازت حاصل کریں۔ یہ پارلیمنٹ میں آنے والے یا فٹ پاتھ اور سڑک استعمال کرنے والے عوام اور ریلی یا مظاہرے میں شریک ہونے والوں کے مفاد میں ہے۔

**ممبرز سے رابطہ کرنا:** آپ ہماری ویب سائیٹ پر ممبرز سے رابطے کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں یا مختلف معاملات میں اپنے خیالات پر اپنے نمائندوں سے بات کر سکتے ہیں۔

## فیڈرل پارلیمنٹ سے موازنہ

| | فیڈرل پارلیمنٹ | |
|---|---|---|
| | ہاؤس آف ریپریزینٹیٹیوز | سینیٹ |
| دیگر نام | ایوان زیریں | ایوان بالا |
| ارکان | 151 | 76 |
| نمائندگی | ہر MP 110,000 ووٹروں پر مشتمل الیکٹوریٹ کی نمائندگی کرتا ہے | ہر سینیٹر اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہر سٹیٹ سے 12 سینیٹرز اور ہر ٹیریٹری سے 2 سینیٹرز ہوتے ہیں۔ |
| مدت | 3 سال | 6 سال |
| ووٹنگ کا نظام | ترجیحی ووٹنگ (ووٹر اپنی ترجیح سے امیدواروں کو ووٹ دیتے ہیں | پروپورشنل (حسب تناسب) – واحد قابل منتقلی ووٹ |
| عملداری | پاس ہونے والے قوانین پورے آسٹریلیا کے لیے ہوتے ہیں | پاس ہونے والے قوانین پورے آسٹریلیا کے لیے ہوتے ہیں |

| | پارلیمنٹ آف ساؤتھ آسٹریلیا | |
|---|---|---|
| | ہاؤس آف اسمبلی | لیجسلیٹیو کاؤنسل |
| دیگر نام | ایوان زیریں | ایوان بالا |
| ارکان | 47 | 22 |
| نمائندگی | ہر MP 25,000 ووٹروں پر مشتمل الیکٹوریٹ کی نمائندگی کرتا ہے | ہر MLC پورے ساؤتھ آسٹریلیا کی نمائندگی کرتا ہے |
| مدت | 4 سال | 8 سال |
| ووٹنگ کا نظام | ترجیحی ووٹنگ | پروپورشنل – ترجیحی ووٹنگ کا موقع حاصل ہے |
| عملداری | پاس ہونے والے قوانین صرف ساؤتھ آسٹریلیا کے لیے ہوتے ہیں | پاس ہونے والے قوانین صرف ساؤتھ آسٹریلیا کے لیے ہوتے ہیں |

## ہم سے رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| فون نمبر: | +61 8 8237 9100 \| 1800 182 097 (toll free) |
| خط: | GPO Box 572, Adelaide SA 5001, Australia |
| ملاقات کا پتہ: | Parliament House, North Terrace, Adelaide SA 5000, Australia |
| ای میل: | LegCo@parliament.sa.gov.au (لیجسلیٹیو کاؤنسل)<br>Assembly@parliament.sa.gov.au (ہاؤس آف اسمبلی) |
| ویب سائیٹ: | www.parliament.sa.gov.au |
| سوشل میڈیا: | Facebook: @parliamentsouthaustralia<br>Instagram: @parliamentsouthaustralia<br>YouTube: South Australian Parliament<br>Twitter: @LegCouncilSA \| @AssemblySA |